روزنامہ
الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 8/اگست 2008ء 5 شعبان 1429 ہجری 8 ظہور 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 181

مصیبت کے وقت کی دعا

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کرب اور مصیبت کے وقت یہ دعا کرتے تھے:۔

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو عظیم اور حلیم ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو آسمانوں اور زمینوں کا بھی رب ہے اور عرش عظیم کا بھی رب ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الدعوات باب الدعاء عندالکرب حدیث نمبر:5869)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

بہت سی باتیں ایسی ہوتی ہیں جن کو تم پسند کرتے ہو اور وہ اچھی نہیں ہوتی ہیں اور بہت سی ایسی ہوتی ہیں جن کو تم ناپسند کرتے ہو اور وہ درحقیقت تمہارے لئے مفید ہوتی ہیں۔ یہ خداتعالیٰ کا ارشاد بالکل سچ ہے اور میں یقیناً جانتا ہوں کہ اب وقت آنے والا ہے کہ اس (مولوی عبداللطیف صاحب) کی (قربانی) کی حکمت نکلنے والی ہے اور میں نے سنا ہے کہ اس وقت چودہ آدمی قید کئے گئے ہیں۔ جو یہ کہتے ہیں کہ عبداللطیف کو ناحق (قتل) کرایا گیا ہے اور یہ ظلم ہوا ہے وہ حق پر تھا اس پر امیر نے ان آدمیوں کو قید کر دیا ہے اور ان کے وارثوں کو کہا ہے کہ وہ ان کو سمجھائیں کہ ایسے خیالات سے وہ باز آجائیں مگر وہ موت کو پسند کرتے ہیں اور اس یقینی بات کو وہ چھوڑنا نہیں چاہتے۔ اگر عبداللطیف (قربان) نہ ہوا ہوتا تو یہ اثر کس طرح پیدا ہوتا اور یہ رعب کس طرح پر پڑتا۔

یقیناً سمجھو کہ خداتعالیٰ نے کسی بڑی چیز کا ارادہ کیا ہے اور اس کی بنیاد عبداللطیف کی (قربانی) سے پڑی ہے۔ اگر مولوی عبداللطیف زندہ رہتے تو دس بیس برس تک زندہ رہتے آخر موت آجاتی اور موت آنی ہے اس سے تو آدمی بچ نہیں سکتا مگر یہ موت موت نہیں یہ زندگی ہے اور اس سے مفید نتیجے پیدا ہونے والے ہیں اور یہ مبارک بات ہے دشمن بھی اگر خبیث نہ ہو تو براہین احمدیہ کی پیشگوئی کو پڑھ کر اور اس کے اس طرح پر پوری ہونے کو دیکھ کر اس نتیجہ پر پہنچ سکتا ہے کہ اگر مفتری ہے اور رات کو جھوٹا الہام بنا کر سنا دیتا ہے تو یہ اثر استقامت کیوں ہو اور 23 یا 24 سال کے بعد ایک بات جو بطور پیشگوئی شائع کی گئی تھی کیوں پوری ہو جاتی ہے؟

اس قدر عرصہ دراز تک تو انسان کو اپنی زندگی کی بھی امید نہیں ہو سکتی اور پھر اس کے ماننے والوں میں اس قدر استقامت اور قوت ہے کہ بیوی بچوں تک کی پرواہ نہیں کرتا۔ مال اور جان کا خیال تک بھی نہیں کرتا۔ ایمان جیسی دولت پر سب کچھ قربان کرنے کو تیار ہو جاتا ہے۔ ایک اہل بصیرت اس سے نتیجہ نکالنے میں غلطی نہیں کرے گا کہ یہ محض خداتعالیٰ کا فضل اور اس کے منشا ہی کے ماتحت ہے۔ ایک سلسلہ جو خود اس نے قائم کیا ہے اور آپ جس نے ایک نشان دیا ہے اس نے وہ قوت اور استقامت اس (۔) کو عطا کی تا کہ اس کی (قربانی) اس سلسلہ کی سچائی پر زبردست دلیل اور گواہ ہو۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا ہے۔ اب یہ نشان ہزاروں لاکھوں انسانوں کے لئے ہدایت اور ترقی ایمان کا موجب ہو گا اور خداتعالیٰ چاہے تو اس کے آثار ابھی سے نظر آنے لگے ہیں۔ الاستقامۃ فوق الکرامۃ مشہور بات ہے۔ عبداللطیف کے اس استقلال اور استقامت سے بہت بڑا فائدہ ان لوگوں کو ہو گا جو اس واقعہ پر غور کریں گے۔ چونکہ یہ موت بہت سی زندگیوں کا موجب ہونے والی ہے اس لئے یہ ایسی موت ہے کہ ہزاروں زندگیاں اس پر قربان ہیں۔

(ملفوظات جلد سوم ص 513)

ماہر امراض کینسر بچگان کی آمد

۞ مکرم ڈاکٹر عطاء الرحمٰن صاحب معاذ MRCP.CH. (UK) بچوں کے امراض کینسر کے ماہر جو کہ شوکت خانم کینسر ہسپتال لاہور میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں، مورخہ 9 اور 10/اگست 2008ء کو فضل عمر ہسپتال میں مریض بچوں کا معائنہ کریں گے۔ معائنہ بیگم زبیدہ بانی ونگ میں ہوگا۔ احباب و خواتین سے گزارش ہے کہ جن کے بچے اس بیماری یا پھر دیگر امراض میں مبتلا ہیں ڈاکٹر صاحب کی خدمات سے استفادہ کے لئے ہسپتال تشریف لاکر پرچی روم سے اپنی پرچی بنوالیں۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

داخلہ نصرت جہاں انٹر کالج

۞ نصرت جہاں انٹر کالج میں ایف ایس سی کلاسز میں داخلہ شروع ہے۔ داخلہ حاصل کرنے کے لئے کالج کا مقررہ فارم مکمل طور پر پُر کر کے مورخہ 10 اگست 2008ء تک جمع کروانا ضروری ہے۔

نصرت جہاں انٹر کالج میں مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک میں داخلہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔

☆ پری انجینئرنگ گروپ ، Math. Stat Economics

☆ پری میڈیکل گروپ Math Stat. Physics

☆ I.C.S

انٹرویو برائے داخلہ 12/اگست 2008ء صبح نو بجے شروع ہونگے۔

نوٹ:۔ داخلہ فارم پر والدین/سرپرست کے دستخط ضروری ہیں۔

داخلہ فارم کے ساتھ درج ذیل دستاویزات منسلک کریں:۔

1۔ دو عدد حالیہ کلرڈ فوٹوگراف سائز $1\frac{1}{2}$x2

2۔ سند یا رزلٹ کارڈ کی مصدقہ نقل

3۔ کیریکٹر سرٹیفکیٹ

4۔ فیصل آباد بورڈ کے علاوہ کسی دوسرے بورڈ سے پاس کر کے آنے والے طلباء N.O.C بھی لف کریں۔

مزید معلومات کیلئے کالج ہذا کے آفس سے رابطہ کریں۔

(سید جلید احمد پرنسپل نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 495

مغربی سائنس کی بے چارگی اور "سلطان مشرق" کی عالمگیر منادی

انیسویں صدی کے آغاز میں دنیا کے مذہبی سلسلے بھی مغربی سائنس کے نظریات واکتشافات پر لرزہ براندام تھے اور سر سید احمد بانی علی گڑھ نے تو کھلم کھلا وحی والہام اور استجابت دعا سے انکار کر کے دانشوران مغرب کے سامنے ہتھیار ڈال دئے۔

عین اس پُر آشوب زمانہ میں "سلطان مشرق" یعنی حضرت مسیح موعود نے 1886ء میں قادیان کی مختصر سی بستی (جو تار کی سہولتوں سے بھی محروم اور بٹالہ ریلوے لائن سے بھی 11 میل دور تھی) یہ نعرہ حق بلند کیا:۔

آنکھ کے اندھوں کو حائل ہو گئے سو سو حجاب
ورنہ تھا قبلہ ترا رخ کافر و دیندار کا
تیری قدرت کا کوئی بھی انتہا پاتا نہیں
کس سے کھل سکتا ہے پیچ اس عقدۂ دشوار کا
کیا عجب تو نے ہر اک ذرہ میں رکھے ہیں خواص
کون پڑھ سکتا ہے سارا دفتر ان اسرار کا

(سرمہ چشم آریہ، روحانی خزائن جلد 2 ص 52)

اس پُراسرار نظم کی وضاحت حضور نے اپنے وصال سے صرف چند روز پہلے یہ شائع فرمائی:۔

"یاد رکھو کہ انسان کی ہرگز یہ طاقت نہیں ہے کہ ان تمام دقیق در دقیق خدا کے کاموں کو دریافت کر سکے بلکہ خدا کے کام عقل اور فہم اور قیاس سے برتر ہیں اور انسان کو صرف اپنے اس قدر علم پر مغرور نہیں ہونا چاہئے کہ اس کو کسی حد تک سلسلہ علل و معلولات کا معلوم ہو گیا ہے کیونکہ انسان کا وہ علم نہایت ہی محدود ہے جیسا کہ سمندر کے ایک قطرہ میں سے کروڑم حصہ قطرہ کا"۔

یہ خیال ہی سراسر حماقت ہے کہ جس قدر قانون قدرت ظاہر ہو چکا ہے اسی پر خدا کے مخفی ارادوں اور مخفی قدرتوں کا قیاس کرنا چاہئے کیونکہ قیاس کرنے کے لئے کم سے کم نسبت مساوات تو ضرور چاہئے لیکن جس حالت میں انسان کا علم خدا کی قدرتوں کی نسبت اس قدر بھی نہیں جیسا کہ ایک سوئی کے نوک کی تری ایک بحر اعظم کے پانی سے نسبت رکھتی ہے تو پھر اس قدر قلیل علم انسان کا ان مخفی قدرتوں کے لئے معیار کیونکر ہو سکتا ہے جو غیر متناہی ہیں۔ اگر خدا کی اسی قدر قدرتیں ہیں جو انسان کے احاطہ علم میں ہو چکی ہے اور اس کے سوا کچھ نہیں تو اس صورت میں خدا محدود ہو جائے گا اور نیز اس کی قدرتیں بھی انسان کے علم سے زیادہ نہیں ہوں گی۔ لیکن انسان کا خدا کی قدرتوں پر محیط ہونا ایسا ہے جیسا کہ خدا پر محیط ہو جانا۔ وہ خدا جس نے انسان کو مولی گاجر کی طرح زمین سے پیدا کیا۔ پھر اس پہلے قانون کو توڑ دیا۔ پس اگر وہ کسی زمانہ میں اس موجودہ قانون قدرت کو بھی توڑ دے تو اس کو کون روک سکتا ہے اور کس دلیل سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ پہلے تو وہ تبدیل قانون قدرت پر قادر تھا۔ مگر اب قادر نہیں۔"

جب سے خدا نے مجھے یہ علم دیا ہے کہ خدا کی قدرتیں عجیب در عجیب اور عمیق در عمیق اور وراء الوراء لایدرک ہیں تب سے میں ان لوگوں کو جو فلسفی کہلاتے ہیں پکے کافر سمجھتا ہوں اور چھپے ہوئے دہریہ خیال کرتا ہوں میرا خود ذاتی مشاہدہ ہے کہ کئی عجائب قدرتیں خدا تعالیٰ کی ایسے طور پر دیکھنے میں آئی ہیں کہ بجز اس کے کہ ان کو نیستی سے ہستی کہیں اور کوئی نام ان کا ہم رکھ نہیں سکتے جیسا کہ ان نشانوں کی بعض مثالیں بعض موقعہ پر میں نے لکھ دی ہیں جس نے یہ کرشمۂ قدرت نہیں دیکھا اس نے کیا دیکھا؟

.... یہ ایک فیصلہ شدہ بات ہے کہ اگر علم سائنس یعنی طبعی خدا تعالیٰ کے تمام عمیق کاموں پر احاطہ کر لے تو پھر وہ خدا ہی نہیں جس قدر انسان اس کی باریک حکمتوں پر اطلاع پاتا ہے وہ انسانی علم اس قدر بھی نہیں کہ جیسے ایک سوئی کو سمندر میں ڈبویا جائے اور اس میں کچھ سمندر کی پانی کی تری باقی رہ جائے اور یہ کہنا کہ اس کی تمام باریک قدرتوں پر اطلاع پانے کے لئے ہمارے لئے راہ کشادہ ہے اس سے زیادہ کوئی حماقت نہیں باوجودیکہ ہزار ہا قرن اس دنیا پر گزر چکے ہیں پھر بھی انسان نے صرف اس قدر خدا کی حکمتوں پر اطلاع پائی ہے جیسا کہ ایک عالمگیر بارش میں سے صرف اس قدر تری جو ایک بال کی نوک کو بمشکل تر کر سکے۔ پس اس جگہ اپنی حکمت اور دانائی کا دم مارنا جھوٹی شیخی اور حماقت ہے۔ انسان باوجودیکہ ہزار ہا برسوں سے اپنے علوم طبعیہ اور ریاضیہ کے ذریعہ سے خدا کی قدرتوں کے دریافت کرنے کے لئے جان توڑ کوششیں کر رہا ہے مگر ابھی اس قدر اس کے معلومات میں کمی ہے کہ اس کو نامراد اور ناکام ہی کہنا چاہئے صدہا اسرار غیبیہ اہل کشف اور اہل مکالمہ الٰہیہ پر کھلتے ہیں اور ہزار ہا راستباز ان کے گواہ ہیں مگر فلسفی لوگ اب تک ان کے منکر ہیں جیسا کہ فلسفی لوگ تمام مدار ادراک معقولات اور تدبر اور تفکر کا دماغ پر رکھتے ہیں مگر اہل کشف نے اپنی صحیح رویت اور روحانی تجارب کے ساتھ معلوم کیا ہے کہ انسانی عقل اور معرفت کا سرچشمہ دل ہے جیسا کہ میں پینتیس (35) برس سے اس بات کا مشاہدہ کر رہا ہوں کہ خدا کا الہام جو معارف روحانیہ اور علوم غیبیہ کا ذخیرہ ہے دل پر ہی نازل ہوتا ہے بسا اوقات ایک ایسی آواز سے دل کا سرچشمۂ علوم ہونا کھل جاتا ہے کہ وہ آواز دل پر اس طور سے بشدت پڑتی ہے کہ جیسے ایک ڈول زور کے ساتھ ایک ایسے کنویں میں پھینکا جاتا ہے جو پانی سے بھرا ہوا ہے تب وہ دل کا پانی جوش مار کر ایک غنچہ کی شکل میں سربستہ اوپر کو آتا ہے اور دماغ کے قریب ہو کر پھول کی طرح کھل جاتا ہے اور اس میں سے ایک کلام پیدا ہوتا ہے وہی خدا کا کلام ہے۔ پس ان تجارب صحیحہ روحانیہ سے ثابت ہے کہ دماغ کو علوم اور معارف سے کچھ تعلق نہیں ہاں اگر دماغ صحیح واقعہ ہو اور اس میں کوئی آفت نہ ہو تو وہ دل کے علوم مخفیہ سے مستفیض ہوتا ہے اور دماغ چونکہ منبت اعصاب ہے اس لئے وہ ایسی کل کی طرح ہے جو پانی کو کنوئیں سے کھینچ سکتی ہے اور دل وہ کنواں ہے جو علم مخفیہ کا سرچشمہ ہے یہ وہ راز ہے جو اہل حق نے مکاشفات صحیحہ کے ذریعہ سے معلوم کیا ہے جس میں خود صاحب تجربہ ہوں۔

(چشمہ معرفت۔ روحانی خزائن جلد 23 ص 280 تا 283)

جب تک خدائے زندہ کی تم کو خبر نہیں
بے قید اور دلیر ہو کچھ دل میں ڈر نہیں
ہر چیز میں خدا کی ضیاء کا ظہور ہے
پر بھی غافلوں سے وہ دلدار دور ہے

(درثمین)

مکرم ملک محمد سجاد اکبر صاحب

خلافت جوبلی کے سلسلہ کے بعض پروگرام

جماعت ہائے احمدیہ ضلع فیصل آباد

جلسہ ہائے یوم مسیح موعود

ماہ مارچ 2008ء میں مختلف جماعتوں میں یوم مسیح موعود کے حوالے سے جلسہ جات منعقد ہوئے ان میں سیرت النبیؐ اور سیرت حضرت مسیح موعود کے عنوانات پر تقاریر ہوئیں۔ تفصیل درج ذیل ہیں۔

20 مارچ کو حلقہ فضل عمر حاضری 72 افراد

21 مارچ کو حلقہ پیپلز کالونی حاضری 30 افراد

21 مارچ کو حلقہ مجلس دارالذکر حاضری 56 افراد

21 مارچ کو حلقہ غلام محمد آباد حاضری 100 افراد

23 مارچ کو حلقہ دارالحمد حاضری 97 افراد

23 مارچ کو حلقہ دارالنور حاضری 55 افراد

24 مارچ کو گھوکھووال حاضری 50 افراد

27 مارچ کو جماعتی نظام کے تحت فیصل آباد شہر کا جلسہ منعقد ہوا۔ جس میں محترم مولانا سلطان محمود انور صاحب ناظر خدمت درویشاں مہمان خصوصی تھے۔ 350 افراد کی حاضری تھی۔

لجنہ اماء اللہ کے تحت 22 حلقہ جات کے اجلاسات ہوئے۔

نمائش

جماعت احمدیہ فیصل آباد نے بیت الفضل فیصل آباد میں خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی 1908ء تا 2008ء کے سلسلہ میں نمائش مورخہ 26 تا 31 مئی منعقد کی۔ جس میں حضرت مسیح موعود اور خلفاء سلسلہ کی تصاویر اور ارشادات کے چارٹس، قرآن کریم کے مختلف زبانوں میں تراجم کے چارٹس، جماعتی ترقی کے اعتراضات پر مبنی چارٹس، تبرکات میں حضرت مسیح موعود اور خلفاء کی تحریرات کے عکس اور کپڑوں کے تبرکات اور دوسری چیزیں، جماعت احمدیہ کی مختلف مجالس عاملہ کی خلفاء کے ساتھ تصاویر، راہ مولیٰ میں قربان ہونے والے افراد کی تصاویر اور بزرگوں اور مختلف مواقع پر لی گئی نایاب اور تاریخی تصاویر بھی نمائش کیلئے رکھی گئی ہیں۔

اس نمائش کا افتتاح 26 مئی کو محترم شیخ مظفر احمد ظفر صاحب امیر ضلع فیصل آباد نے کیا۔ نمائش دیکھنے والوں کے لئے اپنے تاثرات درج کرنے کے لئے ایک کتاب بھی رکھی گئی تھی۔ جس میں احباب نے اپنے تاثرات قلمبند کئے۔

27 مئی کے پروگرام

27 مئی 2008ء کو فیصل آباد ضلع میں 24 مختلف مقامات پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے مرکزی جلسہ یوم خلافت لندن سے خطاب کو بذریعہ ایم ٹی اے براہ راست سننے کے انتظامات کئے گئے۔ ان جگہوں کو جھنڈیوں اور بینروں سے سجایا گیا۔ بڑی سکرینوں اور ٹی وی سیٹ کا انتظام بھی کیا گیا۔ ان تمام مقامات پر اجتماعی نماز تہجد پڑھی گئی، 37 بکرے اور 2 بچھڑے قربان کئے گئے 5 بکرے اور 3 ہزار روپے نقد بطور صدقہ تقسیم کئے گئے۔ 22 مقامات پر مٹھائی تقسیم کی گئی۔ 20 مقامات پر حاضرین کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔ 142 نومبائعین اور 18 مہمانوں سمیت 2 ہزار 793 افراد نے حضور انور ایدہ اللہ کا خطاب ان سنٹرز پر سنا اور تاریخ ساز عہد میں شامل ہوئے۔

ان تمام پروگراموں میں بے شمار افراد نے خدمت کا موقع پایا احباب سے ان سب کیلئے مقبول خدمت دین کی توفیق پانے کیلئے درخواست دعا ہے۔

☆......☆......☆

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم منصور احمد لقمان صاحب

تاریخ احمدیت جلد سوم (بابت قیام خلافت)

صفحہ 187 تا 271 سوال و جواب کی صورت میں خلاصہ

س: صدر انجمن کے ان اکابرین کے نام بتائیے جنہوں نے باہمی مشورہ سے حضرت حکیم مولانا نورالدین کی بیعتِ خلافت پر اتفاق کیا؟

ج: خواجہ کمال الدین صاحب، مولوی محمد علی صاحب شیخ رحمت اللہ صاحب ڈاکٹر سید محمد حسین شاہ صاحب ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ صاحب، نواب محمد علی خان صاحب شیخ یعقوب علی عرفانی صاحب، مولوی محمد احسن امروہی صاحب، حضرت صاحبزادہ مرزا محمود احمد صاحب

حضرت اماں جان سے مشورہ کے لئے جماعت کے نمائندہ کے طور پر خواجہ کمال الدین صاحب پیش ہوئے۔ حضرت سیدہ اماں جان نے بھی اس کی تائید کی۔ حضرت میر ناصر نواب صاحب سے باغ میں مشورہ کیا گیا۔

س: اکابرین صدر انجمن کس کے مکان پر مشورہ کے لئے جمع ہوئے؟

ج: نواب محمد علی خان صاحب کے پرانے مکان پر۔

س: حضرت مولوی صاحب کو بیعت خلافت لینے کے لئے کس نے عرضداشت کی؟

ج: خواجہ کمال الدین صاحب نے۔

س: جماعت کی طرف سے تحریر پڑھنے کی سعادت کس کو حاصل ہوئی؟

ج: حضرت مفتی محمد صادق صاحب کو۔

س: حضرت مولوی صاحب نے بیعت خلافت کے لئے کن ناموں کا ذکر کیا؟

ج: حضرت صاحبزادہ مرزا محمود احمد صاحب، حضرت میر ناصر نواب صاحب، حضرت نواب محمد علی خان صاحب

س: حضور کے دست مبارک پر باغ میں کتنے احمدیوں نے بیعت کی؟

ج: بارہ سو احمدیوں نے۔

س: مسند خلافت پر متمکن ہونے کے وقت آپ کی عمر کیا تھی؟

ج: سڑسٹھ سال۔

س: حضرت صاحب نے کس کے امام الصلوۃ بنائے جانے کا ذکر کیا ہے؟

ج: حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کا۔

س: خواتین میں سے سب سے پہلے کس نے حضرت خلیفہ اوّل کی بیعت کی؟

ج: حضرت اماں جان نے۔

س: بیرونی جماعتوں کو خلافت اولیٰ کی اطلاع کس طرح دی گئی؟

ج: رسالہ ''الحکم'' اور ''بدر'' کے ذریعہ۔

س: ''یہ خلافت تامّہ نبوت ہے''۔ یہ جملہ کس نے کہا؟

ج: مولوی سید محمد احسن امروہی نے۔

س: مولوی سید محمد احسن صاحب نے خلافت کے متعلق کس حدیث کا ذکر کیا ہے؟

ج: مشکوۃ شریف میں روایت احمد و بیہقی۔ حدیث کے آخری الفاظ یہ ہیں:۔ ثم تکون الخلافة علیٰ منہاج النبوة......

س: حضرت میر محمد اسماعیل صاحب نے صبر کے اعلیٰ نمونہ کی مثال دیتے ہوئے کس شخصیت کا ذکر کیا ہے؟

ج: حضرت عائشہ کا۔

س: حضرت میر صاحب نے کونسی دو پیشگوئیوں کے پورا ہونے کا ذکر فرمایا ہے؟

ج: 1۔ الرحیل ثم الرحیل۔ 2۔ داغ ہجرت۔

س: صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب کے حوالہ سے مخالفین نے کیا پروپیگنڈہ کیا؟

ج: مخالفین نے یہ جھوٹا اور زہریلا پروپیگنڈہ کیا کہ معاذاللہ صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب اپنے بھائیوں سے جھگڑ کر ان کو اور دوسرے احمدیوں کو قادیان سے نکال پھینکنے کو ہیں جس کی پرزور تردید کرتے ہوئے صاحبزادہ صاحب نے ''پیسہ'' اخبار میں اشتہار شائع کیا اور لکھا:۔ قادیان کی جماعت خدا کے فضل و کرم سے بمقابلہ میرے ہزار درجہ نیک اور متقی اور عامل شریعت عاشقِ رسول عربی ہے۔ قرآن ان کے ہاتھوں میں ہے اور درود ان کی زبان پر۔ شب بیدار اور پرستار خدائے لایزال ہیں اور میرے اعمال خود آپ جانتے ہیں کیا ہیں؟ باوجود ان اعمال کے ایسی جماعت کی مخالفت کرسکتا ہوں لوگ انہیں کافر سمجھیں اور قابل دار لیکن وہ مجھ سے صد درجہ نیک اور قابل عزت ہیں اور میں ان کو...... سمجھتا ہوں۔

س: ''کثرت سے مرزائی لوگ تائب ہو کر بیعت کر رہے ہیں''۔ یہ پروپیگنڈہ کس نے کیا اور کیا مہم شروع کی گئی؟

ج: پیر سید جماعت علی شاہ کے مریدوں نے۔ اخبار ''وطن'' اور ''وکیل'' میں احمدیوں کے نام پر جھوٹے خطوط شائع کروائے گئے۔ ''عصر جدید'' میں خواجہ غلام الثقلین بی اے ایل ایل بی نے ایک احمدی کا فرضی مکالمہ شائع کیا اور لکھا کہ قادیانی تحریک ختم ہوگئی ہے۔

س: حضرت صاحبزادہ مرزا محمود احمد نے ''تشحیذ'' میں کس عنوان کے تحت مخالفین کے رد میں مضمون لکھا؟

ج: ''محمود اور محمدی مسیح کے دشمنوں کا مقابلہ''

س: حضرت صاحبزادہ صاحب کا مضمون کس عنوان کے تحت اور کب کتابی شکل میں شائع ہوا؟

ج: 10 جولائی 1908ء کو شائع ہوا۔ حضرت خلیفہ اوّل نے الہام الٰہی سے اس کا نام ''صادقوں کی روشنی کو کون دور کرسکتا ہے'' رکھا۔

س: دیگر بزرگان نے اعتراضات کے رد میں جو قلمی کاوشیں فرمائیں مختصراً بیان کریں؟

ج: مخالفین کے حملوں کے جواب میں دعا کے ساتھ ساتھ رسائل و اخبارات ''الحکم'' ''بدر'' ''تشحیذ'' ''ریویو آف ریلیجنز'' وغیرہ میں اداریے اور مضامین لکھے، اور بعض کتابیں اور رسالے شائع ہوئے۔

☆۔ ''وفات المسیح'' کے نام سے حضرت خلیفہ اوّل نے ایک پمفلٹ شائع کیا۔

☆۔ ''حیات الانبیاء فی ممات الانبیاء'' کے عنوان پر مولوی محمد احسن صاحب نے مضمون لکھا۔

☆ ''آئینہ صداقت'' کتاب حضرت مفتی محمد صادق صاحب نے تالیف کی۔

☆۔ ''خدا کا مسیح اور اس کا وصال'' رسالہ ماسٹر عبدالرحمٰن صاحب سابق مہر سنگھ نے لکھا۔

☆ ''ریویو آف ریلیجنز'' میں مولوی محمد علی صاحب نے

☆۔ ''الحکم'' میں حضرت شیخ یعقوب علی صاحب نے مقالے لکھے۔

☆۔ اخبارِ سلسلہ میں حضرت ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین صاحب نے قیمتی مضامین لکھے۔

س: خلافت اولیٰ میں صدر انجمن کا پہلا اجلاس کب ہوا؟

ج: 30 مئی 1908ء کو بوقت آٹھ بجے صبح سیدنا حضرت صاحبزادہ مرزا محمود احمد کی زیر صدارت قادیان میں ہوا۔

س: ......مال کا قیام کب عمل میں آیا؟

ج: دور خلافت اولیٰ کے آغاز میں ہی 30 مئی 1908ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل نے ......مال کا ایک مستقل محکمہ قائم فرمایا۔

س: حضرت صاحبزادہ مرزا محمود احمد صاحب کو گزارہ کے لئے کتنی رقم ملتی تھی؟

ج: -/60 روپے۔ اس میں سے -/10 روپے آپ تشحیذ پر خرچ کرتے تھے۔

س: رسالہ ''پیغام صلح'' کب، کہاں اور کس نے پڑھ کر سنایا؟

ج: 21 جون 1908ء کو پنجاب یونیورسٹی ہال میں رائے پرتول چندر صاحب چیف جسٹس ہائیکورٹ کی زیر صدارت جلسہ عام میں خواجہ کمال الدین صاحب نے۔

س: کتاب ''پیغام صلح'' کے خلاف کن رسائل نے زہر افشانی کی؟

ج: رسالہ ''المجدّد'' نے جولائی 1908ء کے شمارہ میں اسے حضرت مسیح موعود کی کوئی گہری سازش اور چال قرار دیا۔ آریہ اخبار ''پرکاش'' اور پادری اکبر مسیح نے رسالہ ''تجلی'' لاہور میں حضرت مسیح موعود کو نعوذ باللہ فسادی قرار دے کر یسوع کی تعریف میں لکھا کہ وہ صلح کا شہزادہ تھا اور اس نے دشمنی کا لفظ ہی لغت سے کاٹ دیا ہے۔

س: پادری اکبر مسیح کے مضمون کے رد میں کس نے اور کب مضمون لکھا؟

ج: حضرت صاحبزادہ مرزا محمود احمد نے دسمبر 1908ء میں ''تشحیذ'' میں ''یسوع کی بھیڑیں'' کے عنوان سے انجیل کی روشنی میں لکھا۔

س: مجلس ضعفاء کا قیام کس نے کیا اور اس کا مقصد کیا تھا؟

ج: حضرت میر ناصر نواب صاحب نے باہمی محبت و مواسات اور اخوت پیدا کرنے کے لئے اس مجلس کی بنیاد رکھی۔ اس میں سب کے سب غرباء شامل تھے۔ ہر آٹھویں روز مجلس کے ممبر اپنے اپنے گھروں سے کھانا لاتے اور ایک دسترخوان پر بیٹھ کر کھاتے۔

س: حضرت میر ناصر نواب صاحب کب قادیان ہجرت کرکے آئے اور ان کی وفات کب ہوئی؟

ج: وسط 1905ء میں قادیان آئے اور 19 ستمبر 1924ء کو وفات پائی۔

س: میر ناصر نواب صاحب صدر انجمن کے انجینئر اور سٹور کیپر کب مقرر ہوئے؟

ج: 29 جنوری 1906ء کو۔

س: میر صاحب کو صیغہ کی تعمیر کی ذمہ داری کب سونپی گئی؟

ج: 21 مارچ 1907ء کو نیز بیت اقصیٰ کی توسیع کی ذمہ داری بھی سونپی گئی۔

س: غرباء کیلئے مکانات کی بنیاد کب اور کس نے رکھی؟

ج: ''دارالضعفاء''۔ 1911ء میں حضرت خلیفہ اوّل نے اس کی بنیاد رکھی جو کہ بہشتی مقبرہ کے ساتھ محلّہ آباد کیا گیا۔ بعد میں یہ محلّہ ''ناصر آباد'' کے نام سے موسوم ہوا۔

س: حضرت خلیفہ اوّل کی مدرسہ کے قیام کی تحریک پر مولوی ثناء اللہ امرتسری نے کیا تبصرہ کیا؟

ج: مولوی ثناء اللہ امرتسری نے ''مرقع قادیانی'' میں یہ تبصرہ کیا۔

''خلیفہ نورالدین نے حکم دیا ہے کہ مرزا کی یادگار میں دینی مدرسہ قائم کیا جائے ہم اس مدرسہ کی تائید کرتے ہیں امید ہے کہ مرزا صاحب کے راسخ مرید جی کھول کر اس میں چندہ دیں گے کہ آخر کار یہ مدرسہ ہمارا ہوگا اور مرزائی خیال نسیاً منسیاً ہو کر اڑ جائیگا''۔

س: حضرت خلیفہ اوّل کی تحریک پر کن رفقاء کو واعظ مقرر کیا گیا؟

ج: شیخ غلام احمد صاحب۔ مولوی محمد علی صاحب سیالکوٹی۔ حافظ غلام رسول صاحب وزیر آبادی۔ حضرت مولوی غلام رسول صاحب راجیکی کو واعظ مقرر کیا گیا۔ بعد ازاں بعض اور واعظ مثلاً اللہ دین صاحب فلاسفر بھی نامزد ہوئے۔

س: شیخ غلام احمد صاحب دعوت الی اللہ کے لئے کب

روانہ ہوئے اور کن علاقوں تک پیغام حق پہنچایا؟

ج: یکم اگست 1908ء کو روانہ ہوئے۔ امرتسر سے حیدر آباد تک دعوت الی اللہ کا سفر کیا۔

س: شیخ غلام احمد صاحب کی دعوت الی اللہ کے سلسلہ میں روانگی کے بعد ان کے گھر کے اخراجات کس نے برداشت کیے؟

ج: ان کے سفر پر روانہ ہونے کے بعد ان کے گھر کے اخراجات حضرت نواب محمد علی خان صاحب نے برداشت کئے اور سفرخرچ انجمن کی طرف سے ملا۔

س: حضرت خلیفہ اوّل نے اپنی بھیرہ کی جائیداد سلسلہ کے لئے کب وقف کی اور یہ کتنے میں فروخت ہوئی؟

ج: جولائی 1908ء میں صدر انجمن کے نام ہبہ کی جو پانچ ہزار چھ سو ستاسی روپے بارہ آنے میں فروخت ہوئی۔

س: ''ہمارا یہ زمانہ نبوت کا زمانہ نہیں'' یہ بات کس نے کہی؟

ج: رسالہ ''البیان'' کے ایڈیٹر مولوی عبداللہ العمادی نے جمادی الاول 1326ھ مطابق 1908ء کے رسالہ میں۔

س: اس سال حضرت مسیح موعود کی کس پیشگوئی کا ظہور ہوا؟

ج: ''زلزلہ در گور نظامی فگند'' اس کے بعد یہ الہام تھا کہ ''ہندوستان اور پنجاب میں وبائے تپ سخت پھیلے گی''

س: ''قہری نشان'' کے عنوان سے مضمون کس نے لکھا اور اس کے آخر میں مصنف نے کیا تحریر کیا؟

ج: حضرت صاحبزادہ مرزا بشیرالدین محمود احمد نے ''قہری نشان'' کے عنوان سے مضمون شائع کیا۔ اس کے آخر میں آپ نے تحریر فرمایا: ''اے دوستو! خدا کے لیے غور کرو اور دیر نہ کرو کیونکہ خدا کا مقابلہ کوئی نہیں کر سکتا۔ آؤ توبہ کا دروازہ کھلا ہے۔ خدا تمہاری حالت پر رحم کرے اور تمہیں اپنے برگزیدہ کی شناخت عطا فرمائے۔''

س: حضور کی وفات کے بعد لنگر خانہ کا انتظام کس کے سپرد ہوا اور اس کا سالانہ بجٹ کتنا منظور ہوا؟

ج: حضور کی وفات کے بعد لنگر خانہ کا انتظام صدر انجمن کی نگرانی میں دے دیا گیا۔ اس کا سالانہ بجٹ -/12767 روپے منظور ہوا۔

س: خلافت اولیٰ میں کن بزرگان نے بطور مہتمم لنگر خانہ فرائض انجام دیئے؟

ج: حضرت حکیم فضل دین صاحب بھیروی۔ حکیم محمد عمر صاحب۔ حضرت قاضی خواجہ علی صاحب۔

س: پہلے جلسہ سالانہ میں حضرت خلیفہ اوّل نے کن موضوعات پر خطابات فرمائے؟

ج: حضور نے پہلی تقریر ''ضرورت خلافت اور اطاعت خلافت'' کے موضوع پر۔ دوسری ''حب'' کے موضوع پر تقریر فرمائی۔

س: سیدنا محمود احمد کی تقریر کا عنوان کیا تھا؟

ج: ''ہم کس طرح کامیاب ہو سکتے ہیں''

س: خلیفۂ وقت سے انحراف کا پہلا پبلک مظاہرہ کب ہوا؟

ج: 1908ء کے جلسہ سالانہ میں۔

س: مولوی محمد علی صاحب نے خلیفۂ وقت سے انحراف کے واقعات کا اپنی کس کتاب میں ذکر کیا ہے؟

ج: ''حقیقت اختلاف'' میں۔

س: حضرت مسیح موعود کی وفات کے وقت کن دو معاندین نے فتنہ اٹھایا ہوا تھا اور جماعت کو مرتد کرنے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے تھے؟

ج: ڈاکٹر عبدالحکیم خان اور مولوی ثناء اللہ امرتسری۔

س: انجمن کے اکابرین نے کس طرح خلافت کے مقام وعظمت سے گریز اختیار کیا؟

ج: انجمن کے قدیم ریکارڈ سے پتہ چلتا ہے کہ انجمن کے اجارہ داروں نے خلافت کے مقام وعظمت سے گریز اختیار کرتے ہوئے پہلے ''خلیفۃ المسیح'' لکھنا شروع کیا مگر چند ماہ بعد ''حضرت خلیفہ صاحب'' اور پھر ''حضرت مولوی صاحب'' کہہ کر آپ کے احترام کو بالکل پس پشت ڈال دیا۔

س: لاہور میں انجمن کا اجلاس کب ہوا؟

ج: 15 نومبر 1908ء کو شیخ رحمت اللہ کے مکان پر لاہور میں انجمن کا اجلاس ہوا۔ جس میں آپ کے مشورہ کی صریح خلاف ورزی میں فیصلہ دیا گیا۔

س: لاہور میں انجمن کے اجلاس بلائے جانے کا مقصد کیا تھا؟

ج: لاہور کے اجلاس میں مولوی محمد علی صاحب اور ان کے ہم خیال ممبران نے شرکت کی اور اجلاس میں سالانہ جلسہ کا پروگرام مرتب کیا گیا اور ایسے رنگ میں تقاریر کا پروگرام تیار کیا گیا کہ جماعت خلافت سے منحرف ہو کر انجمن کے قدموں میں آگرے۔ پروگرام میں زیادہ تر انجمن کے انہی ممبروں کے بولنے کے مواقع رکھے گئے جو متفق الخیال تھے اور تجویز کی کہ مختلف پیرایوں میں بتایا جائے کہ انجمن ہی حضرت مسیح موعود کی اصل جانشین ہے تا دماغ ان کے ذہنی انقلاب کے لیے تیار ہو جائیں۔

س: 15 نومبر 1908ء کے اجلاس میں مدرسہ دینیہ کے بارہ میں کیا فیصلہ کیا گیا؟

ج: دینی مدرسہ کے متعلق طے شدہ معاملہ کو دوبارہ جلسہ سالانہ کی کانفرنس انجمن ہائے احمدیہ میں پیش کرنے کا فیصلہ کر دیا گیا اور حضرت خلیفۃ المسیح کے ارشاد کی صریح خلاف ورزی کرتے ہوئے انہوں نے اپنی رائے یہ لکھی۔ ''مجلس کی رائے میں عربی مدرسہ کے لئے بغیر وظیفہ کے طالبعلموں کا ملنا مشکل معلوم ہوتا ہے اور اس طرح پر مقصد دینی مدرسہ کا حاصل نہیں ہو سکتا۔ بہتر معلوم ہوتا ہے کہ احمدی طلباء کو اعلیٰ درجہ کی مروجہ تعلیم وظائف دے کر دلائی جاوے یا ان کو خاص طور پر ڈاکٹری کے لئے تیار کیا جاوے اور یہ لڑکے وہ ہوں گے جو قادیان ہائی سکول سے انٹرنس پاس کر کے نکلیں اور دینی تعلیم خصوصیت اور قابلیت سے حاصل کی ہو اور دنیوی تعلیم کے ساتھ دینی تعلیم کا خاص انتظام کیا جائے۔ اور جب لاہور میں آویں ان کے لئے تعلیم دین کا خاص خاص انتظام ہو جاوے اور جو گریجوایٹ عربی پڑھنے کے لئے مصر وغیرہ جاویں ان کو وظیفہ دیا جاوے جب کالج اپنا کھل جاوے تو وہاں عربی کا خاص انتظام ہو جاوے اس وقت مدرسہ عربی میں کوئی نئی جماعت نہ بنائی جائے بلکہ اس کے لیے فیصلہ کانفرنس کا انتظار کیا جاوے۔''

س: انجمن کے مطبوعہ پروگرام میں حضرت خلیفۃ المسیح کے لئے تقریر کا کیا وقت مقرر کیا گیا؟

ج: ایک گھنٹہ۔

س: حضور نے کتنی دیر تک خطاب فرمایا؟

ج: آپ کا خطاب نمازِ ظہر وعصر کے بعد سے لیکر غروبِ آفتاب سے دس پندرہ منٹ قبل تک جاری رہا۔

س: ''یہ خلیفۂ وقت کی ہتک ہے کہ ان کا وقت مقرر کیا گیا''۔ یہ الفاظ کس نے کہے؟

ج: مولوی سید محمد احسن صاحب نے کھڑے ہو کر یہ الفاظ کہے۔

س: ڈاکٹر محمد یعقوب بیگ نے اپنی تقریر میں انجمن کی جانشینی کا پوری قوت سے ذکر کرتے ہوئے کیا کہا؟

ج: ''صدر انجمن احمدیہ خدا کے مقرر کردہ خلیفہ کی جانشین ہے''۔

س: مولوی محمد علی صاحب کی ذات کو نمایاں رنگ میں کس نے پیش کیا اور کیا کہا؟

ج: ڈاکٹر سید محمد حسین شاہ صاحب نے کہا کہ ہمیں ......بننے کے لئے صدر انجمن احمدیہ کی تجاویز پر عمل کرنا چاہیے اور حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کا ذکر کرنے کے بعد مولوی محمد علی صاحب کی ذات کو نمایاں رنگ میں پیش کیا اور انکی قربانی کو ''لاثانی قربانی'' قرار دیا۔

س: مدرسہ دینیہ کی مخالفت کا مظاہرہ کھل کر سامنے کب ہوا؟

ج: 26 دسمبر 1908 کی جماعتوں کی کانفرنس۔ میں یہ کانفرنس بیت مبارک میں رات 8 تا 10 بجے ہوئی۔

س: مدرسہ کی مخالفت اور تعلیمی وظائف بڑھانے کی حمایت میں کون لوگ تھے؟

ج: خواجہ کمال الدین صاحب۔ ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ صاحب۔ سید محمد حسین شاہ صاحب اور مولوی محمد علی صاحب۔

س: مزار مبارک پر کئی ماہ تک کون پہرہ دیتا رہا؟

ج: عبدالغفار خان صاحب اور غلام رسول صاحب۔

س: قادیان کو نوٹیفائیڈ ایریا کب قرار دیا گیا اور اس کے ممبران کون تھے؟

ج: 1908ء میں، مولوی محمد علی صاحب ایم اے لالہ شرمپت رائے اور مرزا نظام الدین صاحب اس کے ممبر قرار پائے۔ اس کا پہلا اجلاس 21 جولائی 1908ء کو تحصیلدار بٹالہ کی صدارت میں قادیان میں ہوا۔

س: حضرت مسیح موعود کی اُن تالیفات کے نام بتایئے جو حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل کے دور میں شائع ہوئیں؟

ج: مسیح ہندوستان میں۔ نجم الہدیٰ اور براہین احمدیہ حصہ پنجم۔

فصل اوّل دوسرا باب

س: فتنہ انکار خلافت کے بارہ میں حضرت مسیح موعود کے تین الہامات بیان کریں؟

ج: ☆ (الہام) ''خدا دو......فریق میں سے ایک کا ہوگا۔ پس یہ پھوٹ کا ثمرہ ہوگا''۔

☆ **لا تکلمنی فی الّذین ظلموا انھم مغرقون**...... یہ الہام خاص دوستوں کے لئے ہے''۔

☆ ''سلسلہ قبول الہامات میں سے سب سے کچا مولوی تھا''۔

س: حضرت مسیح موعود نے جماعت میں شاملین کی کتنی قسمیں بیان فرمائی ہیں؟

ج: تین۔ ☆ ایک تو وہ ہیں جن کو دنیوی شان وشوکت کا خیال ہے کہ محکمے ہوں، دفاتر ہوں، بڑی بڑی عمارتیں ہوں وغیرہ وغیرہ۔

☆ دوسرے تو وہ ہیں جو کسی بڑے آدمی مثلاً حضرت مولوی نورالدین صاحب کے اثر کے نیچے آکر جماعت میں داخل ہو گئے ہیں اور انہی سے وابستہ ہیں۔

☆ تیسری قسم کے وہ لوگ ہیں جن کو خاص میری ذات سے تعلق ہے اور وہ ہر بات میں میری رضا اور میری خوشی کو مقدم رکھتے ہیں۔

س: خواجہ کمال الدین صاحب اور ان کے رفقاء حضرت مسیح موعود کی بعثت کا کیا مقصد سمجھتے تھے؟

ج: ایک کمیٹی اشاعت دین کی غرض سے قائم ہو جائے اور لوگوں سے چندہ لیکر قرآن مجید کا ترجمہ اور دوسرا لٹریچر شائع ہو یا سکول کالج کھول دیئے جائیں۔

س: احمدیت کے قیام کا حقیقی مقصد کیا ہے؟

ج: دنیا کے قائم شدہ پورے نظامِ حیات کو یکسر بدل کر ایک نئی زمین اور نیا آسمان اور نیا نظام قائم کرنا۔

س: خواجہ کمال الدین صاحب اور مولوی محمد علی صاحب نے ایڈیٹر اخبار ''وطن'' سے کیا گٹھ جوڑ کیا؟

ج: آخر 1905ء میں خواجہ صاحب اور ان کے زیر اثر محمد علی صاحب نے اخبار ''وطن'' سے یہ معاہدہ کر لیا کہ ''ریویو آف ریلیجنز'' سے حضرت مسیح موعود کے مخصوص علم کلام اور دعاوی کو الگ کر لیں گے اور خاص مضامین جو سلسلہ سے تعلق رکھتے ہیں علیحدہ ضمیمہ کی صورت میں شائع کریں گے۔

س: حضرت مسیح موعود کا اس معاہدہ پر کیا ردعمل تھا؟

ج: حضرت مسیح موعود نے اس معاہدہ پر سخت خفگی کا اظہار فرمایا اور فرمایا کہ مجھے چھوڑ کر کیا تم مردہ دین پیش کرو گے۔

س: صدر انجمن احمدیہ کا قیام کب اور کس طرح عمل میں آیا؟

ج: دسمبر 1905ء میں جب حضرت مسیح موعود نے وحی کی بناء پر ''بہشتی مقبرہ'' اور ''نظام وصیت'' کی بنیاد رکھی تو اس بہشتی مقبرہ کی آمد وخرچ کے انتظام کے لئے خود ایک انجمن بنائی جس کا نام حضور نے ''انجمن کارپرداز مصالح قبرستان'' رکھا۔ بعد ازاں اس میں

دوسرے تمام اداروں کا انتظام شامل کر دیا گیا اور اس کا نام ''صدر انجمن'' رکھا گیا۔

س: ''انجمن کارپرداز مصالح قبرستان'' کے سب سے پہلے امین کون تھے؟

ج: حضرت خلیفۃ المسیح الاول حضرت مولوی نورالدین صاحب۔

س: صدر انجمن کے ابتدائی ممبران کی تعداد کیا تھی؟

ج: 14 ممبران۔

س: حضرت مسیح موعود نے کس کی رائے کو چالیس آدمیوں کی رائے کے برابر قرار دیا؟

ج: حضرت مولوی نورالدین صاحب کی رائے کو۔

س: حضرت مسیح موعود کو لنگر خانہ کے متعلق بے جا اسراف اور بدانتظامی کے الزامات پر مشتمل خط کس نے لکھا؟

ج: لدھیانہ کے بابو محمد صاحب نے خواجہ کمال الدین صاحب کے کہنے پر۔

س: آخری سفر لاہور جاتے وقت حضرت مسیح موعود نے لنگر خانہ کا انتظام کس کے سپرد کیا؟

ج: مولوی محمد علی صاحب کے۔

س: خلافت کے اختیارات کو محدود کرنے کی سازش کس طرح کی گئی؟

ج: جلسہ سالانہ 1908ء پر انجمن کی خلافت و حاکمیت پر زور دیکر جماعت کی عقیدتوں کا رخ خلافت سے موڑ کر انجمن کی طرف پھیرنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی۔ نیز انجمن کی کارروائی میں خلیفۂ وقت کی عظمت کو گرانا چاہا اور خلیفۂ وقت کے منشاء کے صریحاً خلاف فیصلے کئے جانے لگے۔

س: حضرت میر محمد اسحٰق صاحب نے کیا سوالات حضرت خلیفۃ المسیح کی خدمت میں بھیجے؟

ج: ☆ صدر انجمن کے تعلقات اس زمانہ میں اور آئندہ زمانہ میں خلافت کے منصب پر بیٹھنے والے (یعنی خلیفہ) کے ساتھ کیسے ہیں اور کیسے ہونگے۔ یعنی آپس میں کیا فرق ہے اور ہوگا؟

☆ خلیفہ بطور خود اشاعت دین وغیرہ جماعت احمدیہ کی مدات کا انتظام کر سکتا ہے یا نہیں؟

☆ خلیفہ کے حکم کو صدر انجمن مسترد کر سکتی ہے یا نہیں؟

س: مذکورہ سوالات کا ذکر مولوی محمد علی صاحب نے اپنی کس کتاب میں کیا ہے؟

ج: ''حقیقت اختلاف'' میں۔

س: ''حقیقت اختلاف'' میں مولوی محمد علی صاحب نے اپنے کن خیالات کو بے نقاب کیا ہے؟

ج: ان کے خیالات میں انجمن حضرت مسیح موعود کی جانشین ہے۔ حضرت صاحب نے انجمن کو ہی اپنا خلیفہ بنایا ہے اور یہ ضروری نہیں کہ خلیفہ ایک ہی شخص ہو بلکہ ایک جماعت بھی ہو سکتی ہے۔

س: حضرت خلیفہ اول نے مذکورہ سوالات کے لئے کب شوریٰ بلوائی؟

ج: 31 جنوری 1909ء کو۔

س: اس سلسلہ میں حضرت صاحبزادہ مرزا محمود احمد صاحب کو کیا الہام ہوا اور اس کی آپ کو کیا تفہیم ہوئی؟

ج: قل مایعبئو بکم ......'' مذکورہ الہام سے آپ کو شرح صدر ہو گیا اور آپ سمجھے کہ آپ کا خیال ہی درست ہے جو اس کے خلاف خیال رکھتے ہیں ان کو کہہ دو کہ یورپ کی تقلید میں کامیابی اور فلاح نہیں۔ دینی سلسلہ ہے اس لیے جس طرح خدا کے نبیوں کے خلیفے ہوتے رہے ہیں اسی طرح یہاں بھی خلافت ہوگی۔ لیکن اگر وہ باز نہ آئیں گے تو خدا کو ان کی کوئی پرواہ نہیں۔ کامیابی اسی میں ہے کہ وہ خدا کے حضور گر جائیں اور زاری کریں۔ اگر وہ ایسا نہیں کریں گے تو خدا کا عذاب موجود ہے۔

س: حضرت صاحبزادہ صاحب نے کیا رائے حضرت خلیفۃ المسیح کی خدمت میں لکھ کر بھیجی؟

ج: آپ نے حقیقت واضح ہونے پر اپنی رائے میں لکھا...... ''خلیفہ انجمن پر حاکم ہے نہ کہ انجمن خلیفہ پر''۔

س: ''انجمن ہی آپ کی جانشین ہے'' اس تحریر پر لاہور میں کن دو افراد نے دستخط کرنے سے انکار کر دیا؟

ج: ☆ حکیم محمد حسین صاحب قریشی سیکرٹری انجمن احمدیہ لاہور۔

☆ بابو غلام محمد صاحب فورمین ریلوے دفاتر لاہور۔

س: مذکورہ افراد کا جواب دستخط سے انکار کے وقت کیا تھا؟

ج: ''ہم ایک شخص کے ہاتھ پر بیعت کر چکے ہیں وہ ہم سے زیادہ عالم اور زیادہ خشیۃ اللّٰہ رکھتا ہے۔ اور حضرت مسیح موعود کا ادب ہم سے زیادہ اس کے دل میں ہے جو کچھ وہ کہے گا ہم اس کے مطابق عمل کریں گے''۔

س: خواجہ صاحب اور ان کے رفقاء حضرت خلیفۃ المسیح سے کس قسم کے فیصلہ کی توقع رکھتے تھے؟

ج: ان کا خیال تھا کہ خدا نے ہمیں جمہوریت پسند خلیفہ دیا ہے جس کی نسبت ہمیں یقین ہے کہ کبھی یہ فیصلہ نہیں کرے گا کہ خلیفہ حاکم اور انجمن اس کے ماتحت ہے۔

س: مولوی محمد علی صاحب کا فیصلہ کے بارہ میں کیا کہنا تھا؟

ج: ان کا کہنا تھا کہ اگر مولوی صاحب (مراد حضرت خلیفۃ المسیح) نے انجمن کے تابع و محکوم ہونے کا فیصلہ کیا تو میں کام چھوڑ کر لاہور جا کر بیٹھ جاؤں گا۔

س: شیخ رحمت اللہ صاحب کا جوش کیسا تھا؟

ج: شیخ صاحب کا جوش اس دن بہت بڑھا ہوا تھا۔ جو شخص بھی ان کی رائے کے خلاف رکھنے والا ملا اس کو سخت سست کہتے رہے۔ حضرت میر ناصر نواب صاحب کو تو انہوں نے گندی گالیاں دیں اور اگر وہ الدار میں تشریف نہ لے جاتے تو شاید زدوکوب تک نوبت جا پہنچتی۔

س: خواجہ صاحب کے زہریلے پراپیگنڈے کا قادیان میں کیا اثر ہوا؟

ج: خواجہ صاحب اور ان کے زہریلے پراپیگنڈے کے نتیجہ میں قادیان میں بہت اشتعال پھیل گیا تھا اور انجمن کے حامیوں میں سے بعض لوگ صاف کہتے تھے کہ اگر مولوی صاحب (خلیفہ اوّل) نے خلاف فیصلہ کیا تو ان کو اسی وقت خلافت سے علیحدہ کر دیا جائے گا۔ بعض خداتعالیٰ کے فیصلہ کے منتظر تھے۔

س: حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل کو الہاماً نماز فجر میں کس سورۃ کی تلاوت کرنے کا حکم دیا گیا؟

ج: سورۃ بروج اور بتایا گیا کہ اس کے پڑھنے سے اکثر لوگوں کے دل نرم ہو جائیں گے۔

س: کس آیت مبارکہ پر بیت گویا ماتم کدہ بن گئی؟

ج: انّ الّذین فتنوا المومنین ...... اس آیت پر حضرت خلیفہ اوّل کی آواز بھی شدت گریہ سے رک گئی اس کے بعد آپ نے دوبارہ یہ آیت دہرائی تو تمام جماعت رقت سے نیم بسمل سی ہوگئی اور چند سنگدل لوگوں کے سوا سب کے دل کثافتوں سے دھل گئے اور ان میں خشیت اور تقویٰ اللہ کا نور چھا گیا۔ یہ ایک آسمانی نشان تھا جو خلافت کی تائید غیبی کے لئے ظاہر ہوا۔ حضور نے تین بار اس آیت کی تلاوت فرمائی۔ یہ واقعہ 31 جنوری 1909ء بوقت نماز فجر کا ہے۔

س: مرزا یعقوب بیگ صاحب نے جب حضور کی خدمت میں یہ عرض کی کہ مبارک ہو سب لوگوں کو سمجھا دیا ہے کہ انجمن ہی جانشین ہے تو اس پر حضور نے کیا فرمایا؟

ج: آپ نے فرمایا ''کون سی انجمن؟ جس کو تم جانشین قرار دیتے ہو وہ تو خود بموجب قواعد کوئی حیثیت نہیں رکھتی''۔

س: بیت مبارک کی چھت پر کتنے لوگوں کا مجمع تھا؟

ج: قریباً اڑھائی سو کا مجمع تھا۔

س: حضرت خلیفہ اوّل نے کن لوگوں کو دوبارہ بیعت کا ارشاد فرمایا؟

ج: شیخ یعقوب علی صاحب۔ خواجہ کمال الدین صاحب مولوی محمد علی صاحب۔

س: خواجہ صاحب نے اس بیعت کو کیا نام دیا اور انہوں نے کس بات پر بیعت کی؟

ج: خواجہ صاحب نے اس بیعت کو بیعتِ ارشاد سے موسوم کیا اور صاف لفظوں میں یہ اقرار کیا کہ

''میں آپ کا حکم بھی مانوں گا اور آنے والے خلیفوں کا بھی حکم مانوں گا''۔

س: ''ہمیں مجلس میں جوتیاں ماری گئی ہیں'' یہ زہر کس نے اُگلا؟

ج: مولوی محمد علی صاحب نے بیت کی چھت سے اُترتے ہی خواجہ صاحب سے کہا۔

س: حضرت خلیفہ اول نے کس کو اور کب میر مجلس مقرر فرمایا؟

ج: 2 دسمبر 1910ء کو حضرت سیّدنا محمود احمد صاحب کو میر مجلس بنایا۔

س: بھیرہ میں انجمن کے نام ہبہ شدہ حویلی کس کی تھی اور اس کی فروخت کا معاملہ کب پیش آیا؟

ج: حکیم فضل الدین صاحب بھیروی نے یہ حویلی انجمن کے نام ہبہ کی تھی۔ اس کی فروخت کا واقعہ اگست 1909ء میں پیش آیا۔

س: حویلی کی خرید کے لئے حضرت صاحب کی خدمت میں کس نے اور کس قیمت پر درخواست کی تھی؟

ج: بھیرہ کے سید زمان صاحب نے رعایت کر کے ساڑھے چار ہزار روپیہ میں حویلی ان کو دیئے جانے کی درخواست کی تھی اور وجہ یہ بیان کی تھی کہ انہوں نے ہی یہ حویلی بعض مشکلات کے سبب حکیم فضل الدین صاحب کو فروخت کی تھی۔

س: حکیم فضل الدین صاحب کے ایک عزیز نے حویلی اور زمین کا مطالبہ کیا تو دونوں کی کیا قیمت پڑی؟

ج: گیارہ ہزار روپے۔

س: حضور نے عفو عام اور وحدت کی کب تلقین کی؟

ج: 16، اکتوبر 1909ء کو عید الفطر کے موقع پر۔

ہندوستان کا بادشاہ التمش

التمش ہندوستان میں خاندان غلاماں کا بادشاہ تھا۔

اس کا پورا نام ابوالمظفر شمس الدین التمش تھا۔ وہ خاندان غلاماں کے بانی قطب الدین ایبک کا داماد اور اس کا جانشین تھا وہ ترکستان میں قبیلہ البری کے رئیس ایل خان کا بیٹا تھا۔ بچپن میں اس کے چچازاد بھائیوں نے رقابت کی بنا پر، اسے غلام بنا کر فروخت کر دیا وہاں سے اسے بخارا لایا گیا۔ جہاں اس کی تربیت صدر جہاں کے خاندان میں ہوئی۔

وہیں سے ایک شخص جمال الدین نے اسے قطب الدین ایبک کے ہاتھوں فروخت کر دیا۔ قطب الدین ایبک نے اسے پہلے اپنی محافظ فوج کا امیر بنایا پھر امیر شکار بنا دیا۔ سلطان قطب الدین ایبک التمش کو اپنے بیٹوں کی طرح عزیز رکھتا تھا چنانچہ اس نے اپنی ایک بیٹی بھی التمش کے عقد میں دے دی اور پہلے گوالیار اور پھر بدایوں کا ملک یعنی گورنر مقرر کر دیا۔

1210ء میں ایبک کی وفات کے بعد اس کا بیٹا آرام شاہ تخت نشین ہوا۔ لیکن وہ ناکام حکمران ثابت ہوا اور ملک کے کئی حصوں میں بدامنی اور بغاوت کے آثار پیدا ہو گئے۔ چنانچہ اس صورتحال میں التمش نے کاروبار حکومت سنبھال لیا اور ہندوستان کا بادشاہ بن گیا۔

تخت نشینی کے بعد التمش کو بھی کئی بغاوتوں کا سامنا کرنا پڑا لیکن اس نے آہستہ آہستہ ان تمام بغاوتوں اور شورشوں پر قابو پا لیا 1229ء میں اسے خلیفہ بنو عباس نے بھی خلعت سے سرفراز کیا اور یوں اس کی سلطنت کی توثیق کی۔

التمش سلاطین کے زمرے میں بڑے عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ وہ سیرت، کردار اور کارناموں کے اعتبار سے ہندوستان کے چند منتخب حکمرانوں میں شمار ہوتا ہے۔ حلقہ اولیاء وصوفیا میں بھی اس کا مقام بڑا بلند تھا۔

التمش بڑا سخی اور عادل بادشاہ تھا۔ وہ اپنی بعض تعمیرات کی وجہ سے بھی مشہور ہے۔ اس کی تعمیر کردہ عمارات میں قطب مینار خصوصاً قابل ذکر ہے۔

التمش نے 29۔ اپریل 1236ء کو دہلی میں وفات پائی اور وہیں دفن ہوا۔

مکرم لئیق احمد مشتاق صاحب مربی سلسلہ

سورینام میں خلافت جوبلی سال کے پروگرام

جلسہ یوم مصلح موعود

سورینام میں خلافت جوبلی کے سال کی ابتداء جلسہ یوم مصلح موعود سے ہوئی۔ مورخہ 23 فروری 2008ء کو مرکزی بیت ناصر میں اس پروگرام کا انعقاد ہوا۔ تلاوت اور نظم کے بعد محترم فیصل دین محمد صاحب نے پیشگوئی مصلح موعود اور اس کا پورا ہونا کے موضوع پر تقریر کی۔ دوسری تقریر خاکسار نے حضرت مصلح موعود کے کارناموں کے حوالے سے کی۔ اس جلسہ میں 75 احباب جماعت شامل ہوئے جن میں 8 نومبائعین تھے۔

جلسہ یوم مسیح موعود

مورخہ 22 مارچ 2008ء کو جلسہ یوم مسیح موعود بیت ناصر میں منعقد ہوا جلسہ کی ابتداء تلاوت قرآن مجید سے ہوئی جس کا ڈچ زبان میں ترجمہ پیش کیا گیا۔ اس کے بعد حضرت مسیح موعود کا منظوم کلام پیش کیا گیا۔ پھر وقف نو کے ایک بچے محمد صہیب اسد نے حضرت مسیح موعود کا عربی قصیدہ یاعین فیض اللہ والعرفان کے چند اشعار پیش کئے۔ جلسہ کی پہلی تقریر محترم فرید جن بخش صاحب کی تھی جس کا موضوع حضرت مسیح موعود کا دعویٰ اور تعلیم تھا۔ موصوف نے حضرت مسیح موعود کی تحریرات کے حوالے سے آپ کے دعویٰ کی وضاحت کی۔ دوسری تقریر خاکسار نے حضرت مسیح موعود کی جماعت سے توقعات کے حوالے سے کی۔ چونکہ یہ ربیع الاول کا مہینہ تھا اس لئے ایک تقریر آنحضرت ﷺ کے اخلاق فاضلہ کے حوالے سے بھی کی گئی۔ اختتامی دعا سے پہلے محترم صدر صاحب نے احباب جماعت کو خلافت جوبلی کی دعاؤں اور جلسہ خلافت جوبلی کے لئے بھرپور تیاری کی طرف توجہ دلائی۔ اس جلسہ میں 85 احباب جماعت شامل ہوئے جن میں 9 نومبائعین تھے۔

جلسہ یوم خلافت

دوران سال ہونے والے تمام پروگراموں کے بہترین انعقاد کے لئے محترم صدر صاحب نے ایک چار رکنی کمیٹی تشکیل دی تھی۔ جس نے بڑی محنت سے اپنے فرائض ادا کئے اور تینوں حلقوں میں جلسوں کے پروگرام تیار کئے۔

مورخہ 24 مارچ 2008ء کو مرکزی بیت ناصر میں پہلا جلسہ منعقد ہوا۔ جلسہ سے پہلے خدام اور اطفال کی ایک ٹیم دن بھر وقار عمل میں مصروف رہی، بیت اور مشن ہاؤس کو خوبصورتی سے سجایا گیا۔ لجنہ کی ایک ٹیم کھانے کی تیاری میں مصروف رہی۔ جلسہ کے لئے صد سالہ جوبلی کا لوگو اور حضرت مسیح موعود اور خلفاء کرام کی تصاویر کا سیٹ خاص طور پر پوسٹر سائز میں تیار کروایا گیا۔ اور لوگو پر رنگ برنگی لائٹس لگائی گئیں۔

جلسے کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا اور ترجمہ کے بعد حضرت مسیح موعود کا منظوم کلام پیش کیا گیا۔ اس کے بعد محترم صدر صاحب نے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا پیغام پڑھ کر سنایا۔ مرکز کی طرف سے اردو اور انگریزی میں یہ پیغام موصول ہونے کے بعد ایک پروفیشنل سے اس کا ڈچ زبان میں ترجمہ کروایا گیا تھا۔ اس کے بعد وقف نو کے بچوں نے نظم 'ہمارا خلافت پہ ایمان ہے' ترنم سے پڑھی اس کے بعد خاکسار نے خلافت کی برکات کے موضوع پر تقریر کی۔ اختتامی دعا سے پہلے محترم صدر صاحب نے 27 مئی اور سال کے باقی پروگراموں سے جماعت کو آگاہ کیا۔ دعا کے بعد تمام حاضرین کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔ اس موقعہ پر بچوں کے لئے چاکلیٹ اور مٹھائی کے پیکٹ تیار کئے گئے تھے۔ سورینام میں عام طور پر مٹھائی کا استعمال بہت کم ہے لیکن جماعت کی اس خوشی کے موقعہ پر خاص طور پر گلاب جامن تیار کروائے گئے۔ اس جلسہ میں 120 احباب جماعت شامل ہوئے۔ جن میں 10 نو مبائعین تھے۔

ٹی وی پروگرام

خدا تعالیٰ کے فضل سے جنوری 2001ء سے جماعت کا ہفتہ وار 15 منٹ کا ٹی وی پروگرام باقاعدگی سے جاری ہے۔ امسال اپریل کے مہینہ سے خلافت کے بارے میں ہفتہ وار پروگرام کا سلسلہ شروع کیا گیا اور خلافت جوبلی کے موقعہ پر مورخہ 24 تا 28 مئی خلافت کے حوالے سے خاص پروگرام پیش کرنے کے لئے ایک دوسرے ٹی وی چینل کی انتظامیہ سے بات کی انہوں نے جب خلافت کی صد سالہ جوبلی کا سنا تو بہت کم معاوضہ پر مقامی وقت کے مطابق شام چھ بجے پروگرام پیش کرنے کی اجازت دے دی۔ اس طرح خدا تعالیٰ کے خاص فضل سے خلافت جوبلی کے حوالہ سے ہم نے پانچ دن تک روزانہ ایک پروگرام اور پانچ پروگرام ہفتہ وار پیش کئے۔ اور ان پروگراموں پر تین گھنٹے تیس منٹ وقت صرف ہوا۔

یوم خلافت

